## GBS/CIDP فاؤنڈیشن

اس فاؤنڈیشن کی بنیاد 1980 میں روبرٹ اور ایسٹیل بینسن نے ان مفلوج کرنے والی بیماریوں میں مبتلا دیگر مریضوں کی مدد کے لئے ڈالی تھی۔ اب اس تنظیم کو پوری دنیا میں پھیلے 150 سے زائد ابواب اور منسلک تنظیموں پر مشتمل ہونے کا امتیاز حاصل ہے۔ ایک غیر منافع رضاکار تنظیم کی حیثیت سے اس کا مقصدCIDP یا GBS کے شکار مریضوں اور خاندانوں کی مدد کرنا ہے۔ فاؤنڈیشن کے لئے یہ بات قابل فخر ہے کہ اس کے طبی مشاورتی مجلس میں ان بیماریوں سے تعلق رکھنے والے دنیا کے بعض مایہ ناز ماہرین شامل ہیں، اور ایسے معالجین بھی شامل ہیں جن پر اس مرض کا حملہ ہوچکا ہے۔

## کیا آپ کو مدد کی ضرورت ہے؟

اگر آپ CIDP یا اس سے متعلق شحم اعصاب کو نقصان پہنچانے والی بیماری (مثلا ملٹی فوکل موٹر عصبی عارضہ یا مونو کلونل گیمو پیتھی والے عصبی عارضہ) میں مبتلا ہیں، یا کسی ایسے شخص سے واقف ہیں جو ان بیماریوں میں مبتلا ہے اور اسے مدد یا معلومات کی ضرورت ہے، تو فاؤنڈیشن سے رابطہ کریں۔ اسی طرح، اگر آپ ایک مقامی معاون گروپ کا باب قائم کرنا چاہتے ہیں یا ایسے مقامی معالجین کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں جو GBS سے واقف ہیں تو فاؤنڈیشن سے رابطہ کریں۔ اگر آپ طبی نگہداشت سے متعلق پیشہ ور ہیں تو فاؤنڈیشن آپ کے مریضوں کو علمی مواد یا جذباتی تعاون فراہم کرسکتا ہے۔

### دیگر خدمات میں درج ذیل شامل ہیں:

- نیوز لیٹر
- نا واقف لوگوں کے لئے جانزتی کتابچہ
- معالجوں کے حوالے کی فہرست
- مریضوں کے لئے تعلیمی مجلس
- مقامی ابواب سے رابطہ
- تحقیقی مالی امداد

## CIDP کا علاج کیسے کیا جاتا ہے؟

علاج کے مختلف اختیارات موجود ہیں۔ پریڈنیسون، جو عموما جسم سے پیدا ہونے والے حفاظتی ضد اشتعال کورٹیکو اسٹیروئڈ کے مماثل ہے، کو کئی اسباب کی بنا پر ابتدائی علاج کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔ یہ اکثر توانائی کو بہتر بناتی ہے، اسے منہ کے ذریعہ آسانی سے استعمال کیا جاسکتا ہے اور اس کی قیمت کم ہے۔ منفی اثرات اس کے استعمال کو محدود کرسکتے ہیں۔ دیگر دو طریقوں کو بھی معاون پایا گیا ہے۔ زیادہ خوراک والے تحت وریدی ماموینتی گلوبیولینز (IVIG)، صحت مند رضاکاروں سے حاصل کردہ خون کے حفاظتی پروٹین کو کسی وقت بھی بازو کی ورید کے ذریعہ داخل کیا جاسکتا ہے۔ ایک اور علاج میں، جسے پلازما ایکسچینج (PE)، یا پلازما فیریسس کہا جاتا ہے، مریض کے تھوڑے خون کو نکال کر خون کے سیال پلازما حصہ کے بغیر خون کے خلیوں کو واپس داخل کر دیا جاتا ہے۔ یہ پلازما میں شامل نقصان دہ انسدادی ضد جسمیہ کو ہٹا کر موثر ثابت ہو سکتا ہے۔ CIDP کا علاج ایک قسم کا فن ہے۔ اگر کسی مریض میں ابتدائی علاج کے ساتھ بہتری نظر آتی ہے لیکن اسے دوبارہ کمزوری ہو جائے تو اس علاج کو دہرایا جاسکتا ہے یا کوئی دوسرا علاج آزمایا جاسکتا ہے۔

## CIDP کے اسباب کیا ہیں؟

حالیہ نظریہ کے مطابق جسم کا دفاعی نظام جو عموما اس کی حفاظت کرتا ہے، شحم اعصاب کو خارجی شی سمجھ کر اس پر حملہ کر دیتا ہے۔ یہ واضح نہیں ہے کہ یہ عمل شروع کیسے ہوتا ہے۔ بعض مریضوں کے خون میں غیر معمولی پروٹین پائے گئے ہیں، اور ممکن ہے کہ یہ نقصان میں معاون ہوتے ہوں۔

## CIDP کیا ہے؟

CIDP (شحم اعصاب کو نقصان پہنچانے والا پرانا اشتعال انگیز مرض) محیطی اعصاب کا ایک غیر معمولی مرض ہے جس میں بتدریج ٹانگوں میں کمزوری بڑھتی ہے اور کچھ کم حد تک، بازوؤں میں بھی۔ یہ غلاف اعصاب، جسے شحم اعصاب کہتے ہیں، کو نقصان پہنچنے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس کی شروعات کسی بھی عمر میں دونوں جنسوں میں ہوسکتی ہے۔ کمزوری دو مہینے یا اس سے زیادہ مدت میں واقع ہوتی ہے۔ CIDP کے اوصاف جن سے اس کی تشخیص میں مدد ملتی ہے، ذیل میں بیان کئے گئے ہیں۔

## CIDP کی تشخیص کیسے ہوتی ہے؟

CIDP کا مریض مثالی طور پر چلنے کی دشواری کے ساتھ حاضر ہوتا ہے جو چند مہینوں میں بتدریج بدتر ہوتی جاتی ہے۔ اگر مریض کے حسیاتی شحم اعصاب کو نقصان پہنچتا ہے تو جھنجھناہٹ یا دیگر خلاف معمول احساسات بھی پیش آ سکتے ہیں۔ طبی جانچ عموما لا شعوری حرکتوں، جیسے گھٹنوں اور ٹخنوں کے جھٹکوں میں کمی ظاہر کرتی ہے۔ ماہر امراض اعصاب کے معائنہ میں اکثر ایک برقی جانچ، اعصابی ایصال کی رفتار – برقی پیمائش کا مطالعہ، شامل ہوتا ہے۔ یہ برقی اشاروں کے ایصال میں کمی یا ان میں مکمل رکاوٹ ظاہر کرتا ہے۔ دماغ اور ریڑھ کے سیال کے معائنہ کے لئے، ریڑھ کے سیال کو نکالا جاتا ہے جو مثالی طور پر عام خلیات کے ساتھ بڑھا ہوا پروٹین ظاہر کر تشخیص میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ CIDP کے متغیرات، جیسے ملٹی فوکل موٹر عصبی عارضہ، میں مبتلا مریض، صرف کچھ عضلات کے حرکی اعصاب میں ایصال کی سست رفتاری کو ظاہر کر سکتے ہیں۔ CIDP کے اسباب کی تشخیص کے لئے آپ کا ڈاکٹر خون اور پیشاب کی جانچ کر سکتا ہے جس میں پروٹین کی تحلیل بھی شامل ہو سکتی ہے۔

GBS/CIDP فاؤنڈیشن انٹرنیشنل ایک غیر منافع بخش 501(c)(3) تنظیم ہے
دوسروں کی مدد کے لئے ہماری مدد کرنے کے سلسلے میں آپ کے ٹیکس سے مبرا مالی تعاون کے لئے ہم تہہ دل سے مشکور ہوں گے۔

# GBS/CIDP

## فاؤنڈیشن

## انٹرنیشنل

گیان-بارے سنڈروم اور شحم اعصاب کو نقصان پہنچانے والا پرانا اشتعال انگیز مرض

*GBS, CIDP اور متعدد اقسام کے مریضوں کی تعاون، تعلیم اور تحقیق کے ذریعہ مدد*

# شحم اعصاب کو نقصان پہنچانے والا پرانا اشتعال انگیز مرض (CIDP)


مزید معلومات کے حصول کے لئے، GBS/CIDP فاؤنڈیشن انٹرنیشنل سے رابطہ کریں
The Holly Building
104 ½ Forrest Avenue
Narberth, PA 19072
ٹیلیفون: 0131- 667 (610) فیکس 7036- 667 (610)
www.gbsfi.com ای میل: info@gbsfi.com


*Urdu, 6/07*

**GBS/CIDP** *فاؤنڈیشن انٹرنیشنل*

*GBS, CIDP اور متعدد اقسام کے مریضوں کی تعاون، تعلیم اور تحقیق کے ذریعہ مدد*

گیان-بارے سنڈروم اور شحم اعصاب کو نقصان پہنچانے والا پرانا اشتعال انگیز مرض


International Office
The Holly Building
104 ½ Forrest Avenue
Narberth, PA 19072



## اعزازی مجلس

ریشل شیگال* مارجری ایچ ڈاؤنی*
اینڈی گریفیتھ* جورف ہیلر*

## مجلس متولین

والیم ٹی گیفنے باربرا ہوفمین*
رونالڈ بی کریمنٹزر* وین ڈی میشل*
مارلین بی ٹیڈیسکو سی والٹر نیکولس III*

## ایگزیکیٹیو/معاون ڈائریکٹران

ایسٹیل ایل بینسن/ باربرا کاتزمین

## آفیسران

سارا وورہیز پیسیل،* صدر
جوئل ایس اسٹائنبرگ، ایم ڈی، پی ایچ ڈی، * نائب صدر
سو ڈی بائر، * سیکریٹری
ہینری فرانڈ مین، * ٹریژرر

## مجلس ڈائرکٹران

سو ڈی بائر* رابرٹ بینسن، سی ایل یو، سی ایچ ایف سی*
پیٹریشیا برانٹ* پیٹریشیا ایچ بلومکویسٹ-مارکینز*
ہینری فرانڈ مین* تھیلما گیفورڈ، آر این*
جیری آر جونز سوزن کیسٹ*
کیم کونلنگر* ہیرینٹ لائن
رالف جی نیناس، اسکوائر* گلینیز سینڈرز*
سارا وورہیز پیسیل* لورا ای اسٹیگوسی، اسکوائر
جون اف شلک، ایم ڈی* جوئیل ایس اسٹائنبرگ، ایم ڈی، پی ایچ ڈی*

## طبی مشاورتی مجلس

بیری جی ڈبلیو ارناسن، ایم ڈی
آرتھر کے ایسبری، ایم ڈی
ریچرڈ جے بارون، ایم ڈی
مارک جے براؤن، ایم ڈی
کوییل برک، ایم ڈی*
ڈیوڈ کورن بلاتھ، ایم ڈی
جوناتھن گولڈ اسٹائن، ایم ڈی
کینیتھ سی گورسن، ایم ڈی
مائکل جی گریوز، ایم ڈی
جون ڈبلیو گریفین، ایم ڈی
انجیلیکا اف ہان، ایم ڈی
ہنس-پیٹر ہارٹنگ، ایم ڈی
تھومس ایل ہیچ، جونئر ایم ڈی
پروفیسر آر اے سی ہیوز
جوناتھن ایس کاتز، ایم ڈی
کیرول لی کوسکی، ایم ڈی
رچرڈ اے لیوس، ایم ڈی
رابرٹ لیساک، ایم ڈی
رابرٹ جی میلر، ایم ڈی
گاریتھ جے پیری، ایم ڈی
ایلن ایچ روپر، ایم ڈی
جون ٹی سلاڈکی، ایم ڈی
جوئیل ایس اسٹائن برگ، ایم ڈی، پی ایچ ڈی*
پیٹر اے وان ڈورن، ایم ڈی
پروفیسر ہیو جے ولیسن، پی ایچ ڈی

*سابق GBS یا CIDP مریض
*متوفی